© rasailojaraid.com



آیات جہاں کہیں بھی آئی ہیں، انھیں جلی قلم سے الگ لکھا گیا ہے"۔---- زیر نظر جلد ۳ کا انداز و اسلوب بھی وہی ہے البتہ اس کی کتابت پہلے سے بہتر ہے۔ تشریحی حصے میں قرآنی آیات کے ساتھ آیات کا شمار نسخ (عربی) ہندسوں سے کیا گیا ہے۔ یہ شمار اردو ہندسوں سے ہو تو بہتر ہے۔

طباعت معیاری اور جلد عمدہ ہے۔ ایک مستحسن بات یہ ہے کہ ضخامت کے مقابلے میں ہدیہ نسبتاً کم ہے۔ (ر- ہ)

**داعی اعظمؐ اور کثرت ازواج**، پروفیسر سید محمد سلیم۔ ناشر: شہ تاج مطبوعات، ۱۰/۲۸ بیسمنٹ، بیبہ اخبار مرکز، اردو بازار لاہور۔ صفحات: ۸۲۔ قیمت: ۱۰ روپے۔

بعض مغربی مصنفین نے کثرتِ ازواج کے حوالے سے سیرت طیبہؐ پر چھینٹے اڑائے ہیں۔ پروفیسر محمد سلیم صاحب نے زیر نظر رسالے میں بڑے عالمانہ اور تحقیقی انداز میں مغربیوں کے اعتراضات کے جواب دیے ہیں، آپؐ کی کثیر زوجگی کے مصالح بیان کیے ہیں اور بتایا ہے کہ حضورؐ کی خانگی زندگی (نعوذ باللہ) کسی دنیادار عیش پرست کی نہیں، بلکہ ایک خداپرست زاہد کی زندگی تھی۔ آپؐ کی زندگی حسن معاشرت کا نمونہ تھی اور فی الحقیقت آپؐ طبقہ نسواں کے محسن اعظم ہیں۔ (ر- ہ)

**عہد نبویؐ کا معاشرہ، قرآن کی روشنی میں**: ڈاکٹر سید محمد لقمان اعظمی ندوی، ترجمہ: ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز، اردو بازار، لاہور، صفحات: ۷۰، قیمت: ۲۰۰ روپے۔

اولاً یہ کتاب دہلی سے شائع ہوئی تھی، جس پر شمارہ مئی میں تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ اب لاہور سے اس کی عکسی اشاعت سامنے آئی ہے۔ دونوں اشاعتوں میں قیمت کے علاوہ کوئی فرق نہیں ہے۔

-----------------

۱: تبصرے کے لیے مطبوعات براہ راست مدیر "ترجمان القرآن" منصورہ لاہور ۵۴۵۷۰ کے پتے پر ارسال کیجیے۔

۲: ہر کتاب یا رسالے کے دو نسخے آنا ضروری ہیں۔

(مدیر)

© rasailojaraid.com